| اگر وہ اپنے ذمہ میں مذکورہ صاع کی مقدار میں اناج دینے کا التزام کرے تو یہ مسئلہ بیع سلم (ادھار سودا) کے مسائل میں سے شمار کیا جائے گا، اور یہ ایک بیع کی قسم ہے، جو اپنی شروط سے درست ہوگی، اور یہ سات شرطیں ہیں:<br>پہلی شرط: یہ سودا اس چیز میں ہو جس کی صفات کو بیان کیا جا سکتا ہو۔<br>دوسری شرط: اس کی صفات کو بیان کیا جائے اس چیز سے جس کی ظاہری طور پر قیمت مختلف ہو جاتی ہو۔<br>تیسری شرط: وہ ناپ والی چیز ہو تو اس کا ناپ بیان کیا جائے، وزن والی ہو تو وزن، اور گز والی ہو تو گز بیان کیا جائے۔<br>چوتھی شرط: ادھار کی ہوئی چیز کی حوالگی میں معین وقت کی شرط لگائی جائے۔<br>پانچویں شرط: ادھار کی ہوئی چیز عموماً وقت پر دستیاب ہو۔<br>چھٹی شرط: عقد کی مجلس میں قیمت پر قبضہ کر لیا جائے۔<br>ساتویں شرط: ادھار اس میں کی جائے جو ذمہ میں باقی رہے، تو اگر عینی چیز میں ادھار ہو تو یہ جائز نہیں ہے۔ | | |
| 4. | کیا سکوں اور کاغذی کرنسی میں ربا (سود) وارد ہوتا ہے | وارد ہوتا ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 5. | کرنسیوں کی خرید و فروخت | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 6. | کیا فوائد [بینک سے ملنے والی اضافی رقم] سود شمار ہوں گے؟ | جی سود شمار ہوں گے؟ (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 7. | ادھار کی شکل میں موجودہ قیمت سے زیادہ قیمت پر بیع کرنا | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| موجودہ قیمت سے زیادہ قیمت پر ادھار بیع کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، جبکہ قیمت کی مقدار اور ادھار کا وقت عقد کے وقت متعین ہو، اور کسی ایک قیمت اور مدت پر قطعی عقد کرنا چاہئے، نہیں تو یہ بیع مجہول اور غیر واضح ہوگا، کیونکہ اس میں مدت کی تعیین نہیں ہے، اور اس لیے کہ یہ جاہلیت کے سود کے مشابہ ہے۔ | | |
| 8. | پوری قیمت یا کچھ قیمت ادھار پر سونے کی خرید و فروخت | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

ABM Workshops

| | | |
|---|---|---|
| .9 | سونے کی قیمت عقد کے ایک ہفتہ بعد ادا کرنا | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

## الضمان

| | | |
|---|---|---|
| .1 | ٹیلیفون یا کسی اور کمپنی کو بطور ضمانت رقم کی ادائیگی | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .2 | کیا بنک سے قرض حاصل کرنے میں کسی شخص کا ضامن بننا جائز ہے؟ | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .3 | وہ امانت بغير كسي زيادتي کے اس سے ضائع ہو جائے | اس پر کوئی تاوان نہیں (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .4 | والدہ کی انگوٹھی ان کے علم بغیر لی اور مجھ سے گم ہو گئی | فیہ تفصیل (شیخ محمد صالح المنجد) |

آپ پر واجب ہے کہ آپ اپنی والدہ سے معافی مانگیں اور اس انگوٹھی کے عوض میں اسی طرح کی ایک انگوٹھی ادا کریں۔ اور نابالغ ہونے کی صورت میں گناہ نہیں ہو گا، لیکن وہ ضامن ہی رہے گا کیونکہ بچہ تلف کردہ اشیاء کا ضامن ہو گا اور اسی طرح ان اشیاء کو لینے کے بعد واپس کرنے میں ان کی قیمت کی کمی بھی پوری کرنا ہو گی۔

| | | |
|---|---|---|
| .5 | رہائشی مکان کرایہ پر لینے کے لئے بطور ضمانت رکھی ہوئی رقم بینک میں جمع کرنا | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

بینکوں میں اس طرح کی رقمیں رکھنے کا مقصد اگر صرف حفاظت ہے، تو ضرورت کے پیش نظر اس میں کوئی حرج نہیں ہے، لیکن اگر مقصد سودی انوسٹمنٹ ہے تو یہ جائز نہیں ہے، لیکن رقم کے مالک پر بہر حال یہ واجب ہے کہ رقم اگر نصاب تک پہنچتی ہے اور اس پر سال بھی گزر جاتا ہے تو اس کی زکوۃ ادا کرے۔

## الكفالة

| | | |
|---|---|---|
| .1 | پنشن کے معاوضہ سے یتیم کی کفالت کی وصیت کرنا | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .2 | اپنی بیوی کی بہن (سالی) کی کفالت سے آدمی اس کے لئے محرم بن سکتا کیا؟ | محرم نہیں ہو گا (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .3 | یتیم کی کفالت کی وصیت کرنا | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .4 | یتیموں اور مسکینوں کی کفالت اور ان پر خرچ کرنے والے اداروں کو زکاۃ دینا | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

## الحوالة الوكالة

| | | |
|---|---|---|
| .1 | اسلامی عدالت کے نظام میں وکیل کا کیا مقام ہے؟ | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

ABM Workshops

اسلامی نظامِ عدالت میں وکیل کا مقام یہ ہے کہ وہ فریقین [مدعی اور مدعاعلیہ] میں سے جس کی طرف سے دفاع کے لئے متعین کیا گیا ہے وہ اس کا ذمہ دار ہے، اور وکیل اور اس کے مؤکل پر یہ واجب ہے کہ وہ حق کے مطالبہ کرنے اور اپنے فریقِ مخالف کے ساتھ انصاف کرنے میں اعتدال سے کام لیں، اور اگر انہوں نے اعتدال پسندی کے بجائے ناحق طریقے سے اس مسئلے میں کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کی، اور حرام طریقے سے مفاد پانے کا ارادہ کرتے ہوئے دھوکہ دہی اور مسئلے کو الجھانے پر اٹل رہے، تو یہ دونوں وکیل اور مؤکل] گنہگار ہوں گے، اور انہوں نے گویا ناحق مال کھایا ہے۔

## آبیاری اور زراعت

| | | |
|---|---|---|
| 1. | زمیندار اور مزدور کے درمیان زراعت کا کنٹراکٹ | جائز ہے جبکہ محظورات سے خالی ہو(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | حصہ داروں کے درمیان نفع کی ایک مشترک نسبت کا تعیین کرنا | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 3. | تمباکو کاشت کرنے کا حکم | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | سودی قرض اور زراعت | جائز نہیں ہے ( الاسلام سوال وجواب) |

## الإجارة

| | | |
|---|---|---|
| 1. | بنک کو عمارت کرایہ پر دینے کا حکم | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | کیا خطبۂ جمعہ پر اجرت لینا جائز ہے | جائز ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 3. | میت کو غسل دینے پر اجرت لینے کا کیا حکم ہے | جائز ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | کیا مسلمان کے لیے کسی کافر سے جائداد کرایہ پر حاصل کرنا جائز ہے؟ | جائز ہے(شیخ ابن باز) |
| 5. | سونے اور چاندي کے زیورات اجرت پر حاصل کرنے کا حکم کیا ہے | جائز ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 6. | بیماروں کو دم کرنے کی اجرت لینا | جائز ہے(مجموع فتاوى و مقالات متنوعة) |

## المسابقة

| | | |
|---|---|---|
| 1. | کتوں کی دوڑ اور خوبصورتی کا مقابلہ کرانا | جائز نہیں ہے(الاسلام سوال و جواب) |
| 2. | مقابلے میں حصہ لینے والوں کے انعامات | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

مسابقے میں کامیاب ہونے والے شخص کا انعام لینا جائز ہے، اگر وہ انعام اعلی سرپرست یا اس کے نائب کی جانب سے ہو، یا حصہ نہ لینے والوں کی جانب سے رضاکارانہ طور پر ہو، اور مسابقے میں حصہ نہ لینے والے کو انعام دینے کے عوض حسب نیت اجر وثواب ملے گا، اور اگر انعامات مقابلے میں حصہ لینے والوں میں سے کسی کی طرف سے بخوشی ہوں؛ تاکہ کامیاب افراد کو دیا جائے، تو یہ بھی جائز ہے کیونکہ اس میں جوا نہیں ہے، لیکن

اگر یہ انعامات مقابلے کے مشاہدین میں سے بعض ٹکٹ کے خریداروں کے لئے صرف اس لئے ہوں تا کہ انہیں مشاہدہ کا موقع دیا جائے تو یہ جائز نہیں ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 3. | حفظ قرآن کے لئے مسابقہ کرانے کا حکم | جائز ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | 700 کا ہندسہ ڈائل کر کے مقابلہ میں حصہ لینا | جائز نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 5. | بیل فائٹنگ مقابلے کرانے کا حکم | جائز نہیں ہے(الشيخ ابن عثيمين) |
| 6. | خریداری سے مشروط انعامی مقابلہ | فیہ تفصیل(الاسلام سوال وجواب) |

قرعہ اندازی کے ذریعہ معین انعامی مقابلوں کے متعلق عرض یہ ہے کہ :
اگر تو ان انعامی مقابلوں میں شریک ہونے کی رغبت رکھنے والا شخص کچھ رقم ادا کرنے کے بغیر مقابلہ میں شریک نہ ہو سکے، چاہے وہ رقم قلیل ہو یا کثیر، اور بعض اوقات وہ انعام بھی حاصل کر سکتا ہے، تو یہ اس قمار بازی اور جوے کی قسم میں شامل ہوتا ہے جسے آج کے دور میں لاٹری کا نام دیا جاتا ہے، ان انعامی مقابلوں میں شرکت کرنے والا اکثر طور پر تو کوپن کی قیمت کا نقصان اور خسارہ کر بیٹھتا ہے، اور بہت نادر ہی اسے کوئی انعام ملتا ہے، بلاشک وشبہ یہ قمار بازی اور جوے، اور ناحق اور باطل طریقہ سے لوگوں کا مال کھانے، اور لوگوں کو دھوکہ دینے، اور مال ضائع کرنے میں شامل ہوتا ہے. اور اسی طرح ٹی وی کے ان انعامی مقابلوں کے متعلق جن میں شرکت کرنے کے لیے انعامات رکھنے والوں کی جانب سے ایک معین کارڈ خریدنا پڑتا ہے اس کا معاملہ بھی ایسا ہی ہے، اور اسی طرح تجارتی مارکیٹوں اور دوکانوں کی جانب سے پیش کیے جانے والے انعامی مقابلے جن میں کوپن صرف انہیں دیا جاتا ہے جو ایک معین مبلغ کی خریداری کرے، اس کا معنی یہ ہوا کہ اس انعامی مقابلے کے کارڈ کی قیمت رکھی گئی ہے جو خریداری بل کے ضمن میں ادا کی جاتی ہے، تو یہ بھی لاٹری کی ایک قسم ہی ہے .

| | | |
|---|---|---|
| 7. | اخبارات میں ثقافتی مقابلہ کے انعامات کا حکم | فیہ تفصیل(الشيخ ابن عثيمين) |

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ نے ان انعامی مقابلوں کو دو شرطوں کے ساتھ جائز قرار دیا ہے :
پہلی شرط :مقابلہ میں شرکت کرنے والا شخص سامان یا اخبار اپنی ضرورت کی بنا پر خریدے۔
دوسری شرط :انعامی مقابلہ کی بنا پر سامان یا اخبار کی قیمت میں اضافہ نہ کیا گیا ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| 8. | انٹرنیٹ انعامی مقابلے | فیہ تفصیل(الشيخ راشد العلوى ممبر تدریسی کمیٹی امام یونیورسٹی القصيم) |

انٹرنیٹ وغیرہ کے ذریعہ پیش کردہ انعامی مقابلہ میں شرکت کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ اس میں شریک ہونے والے کو کوئی نقصان نہ ہو، وہ اس طرح کہ یا تو اسے کچھ ملے، یا پھر وہ نقصان سے سلیم رہے؛ کیونکہ اس میں نہ تو قمار بازی اور نہ ہی جوا پایا جاتا ہے، کیونکہ جوا اور قمار بازی میں شخص متردد رہتا ہے کہ اسے یا تو نقصان ہو گا یا پھر وہ کچھ حاصل کر لے گا .
لیکن شرط یہ ہے کہ یہ مقابلے حرام اشیاء سے خالی ہوں، یعنی ان کے سوالات میں کوئی فحش یا پھر گانے بجانے وغیرہ دوسری حرام اشیاء کے سوالات نہ ہوں، اگر ہوں تو اس وجہ سے یہ حرام ہونگے، نہ کہ قمار اور جوے کی بنا پر .

## العارية

ABM Workshops

| | | |
|---|---|---|
| .1 | عاریت میں لی ہوئی چیز لوٹانے کا حکم | واجب ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .2 | کیا ننگی اور فحش تصاویر والے کمپیوٹر کی مرمت کرنا کیسا ہے؟ | جائز نہیں ہے(الشيخ محمد صالح المنجد) |
| .3 | بیوی کو سونا دیا تو کیا اختلافات ہونے کی صورت میں واپس دینے کا مطالبہ کر سکتا ہے؟ | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

جس شخص نے بیوی کو مہر کے علاوہ اور سونا دیا اگر تو یہ بطور ہدیہ تھا تو یہ سونا بیوی کی ملکیت بن جائیگا اور اس کے لیے وہ ہدیہ واپس لینا جائز نہیں . ایسا کرنا مکارم اخلاق کے خلاف ہے. لیکن اگر خاوند نے اسے سونا عاریتا دیا ہے کہ بیوی اسے پہن کر زیب وزینت اختیار کرے اور فائدہ حاصل کرے، تو یہ سونا ابھی تک خاوند کی ملکیت ہے، بیوی کی ملکیت نہیں، اور خاوند کو واپس کرنے کا مطالبہ کرنے کا حق ہے .

| | | |
|---|---|---|
| .4 | مسجد سے عاریتا کتابیں لینا | جائز ہے(الاسلام سوال وجواب) |
| .5 | بغیر کسي زيادتي کے امانت ضائع ہونے کی صورت میں کیا تاوان ادا کیا جائے گا | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

جس شخص کے پاس امانت رکھي گئي ہو وہ اس کا امین ہے اور اگر وہ امانت بغیر کسي زيادتي کے اس سے ضائع ہو جائے تو اس پر کوئی تاوان نہیں، لھذا اگر معاملہ ایسا ہي ہے تو آپ کے ذمہ اس رقم کے عوض میں ادائيگي کرنا واجب نہیں .

| | | |
|---|---|---|
| .6 | ودیعت میں رکھی ہوئی چیز مالک کی اجازت کے بغیر تصرف کرنا | جائز نہیں ہے(الاسلام سوال وجواب) |
| .7 | میں نے چند اسلامی کیسیٹس کسی سے عاریتا لیا اب اس سے رابطہ نہ ہو سکا | فیہ تفصیل(الاسلام سوال وجواب) |

عاریتاًلی گئی اشیاء کا لوٹانا ان کے مالک تک واجب ہے، اور اگر کسی صورت میں ایسا نہ ہو سکا تو اسے یہ اس کے مثل رقم کو صدقہ کر دینا چاہئے اس نیت سے کہ اللہ تعالی صاحب ملک کو اس کا ثواب دیدے، اور جب وہ صاحب ملک واپس لوٹ آئے تو اس کے لیے دو خیار ہیں یا تو وہ اس صدقہ سے راضی ہو جائے نہیں تو اسے اسکی عاریتا لی ہوئی چیز لوٹانی ہو گی۔

| | | |
|---|---|---|
| .8 | فلیٹ کے برتن استعمال کر کے واپس نہ کرنا | فیہ تفصیل(الاسلام سوال وجواب) |

کرایہ پر لیا گیا فلیٹ یا وہ اشیاء جو کرایہ پر لی جاتی ہی کرایہ دار کے پاس امانت ہے، اس کا معنی یہ ہوا کہ: اگر اس کی بغیر کسی کو تاہی اور زیادتی کے وہ چیز ضائع اور تلف ہو جائے تو وہ اس کا ضامن نہیں ہو گا.، اور اگر کرایہ پر لی گئی چیز کرایہ دار کی کوتاہی یا زیادتی کی بنا پر ضائع ہو جائے تو پھر کرایہ دار ضامن ہے، اور اسے اس کی مثل چیز دینا ہو گی، اگر اس کی مثل نہ ملے تو وہ اس کی قیمت ادا کریگا .

## اللقطة

| | | |
|---|---|---|
| .1 | جب کسی آدمی کی کوئی چیز گم ہو جائے، تو کوئی دعا؟ | ثابت نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .2 | گمشدہ چیز کا اعلان مکمل ایک سال | فیہ تفصیل( الشيخ ابن باز) |

اگر گمشدہ چیز حقیر ہو اور مالک اس کا اہتمام نہ کرے مثلا رسی، اور جوتے کا تسمہ، اور تھوڑی سی رقم، تو اس کی تعریف اور اعلان واجب نہیں، اسے اٹھانے والے کے لیے جائز ہے کہ وہ اس سے نفع حاصل کرے یا پھر مالک کی جانب سے صدقہ کر دے۔

ABM Workshops

گمشدہ اونٹ اوراس طرح کے دوسرے جانور جو چھوٹے درندوں مثلا بھیڑیے وغیرہ سے محفوظ رہ سکتے ہوں اس سے مستثنی ہیں، انہیں پکڑنا جائز نہیں، جب بھی کوئی گمشدہ اہم چیز ملے اس کا ایک برس تک لوگوں کے جمع ہونے والی جگہوں پر مہینہ میں دو یا تین بار اعلان کرے، اگر اس کا مالک آجائے تو اسے واپس کر دیا جائے، اور اگر نہ آئے تو ایک برس گزرنے کے بعد وہ اس کی ملکیت ہو گا، اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کا حکم دیا ہے۔

لیکن اگر وہ حرمین یعنی مکہ اور مدینہ میں حرم کی حدود میں سے ملے تو وہ اس کی ملکیت نہیں بن سکتا بلکہ اسے ہر وقت اس کا اعلان کرنا چاہیئے تا کہ اس کا مالک اسے حاصل کرلے یا پھر وہ حرمین کے گمشدہ اشیاء کے ادارہ کے سپرد کر دے تا کہ وہ اس کے مالک کے لیے اسے محفوظ کرلیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 3. | مکہ میں گری ہوئی گھڑی اٹھائی اور وہاں سے سفر کر گیا | فیہ تفصیل (الشيخ محمد بن صالح عثيمين) |

اسے مکہ کے ادارہ میں جا کر پہنچا دیں اور انہیں کہیں کہ مجھے یہ گھڑی فلان جگہ پر فلاں دن ملی تھی۔

| | | |
|---|---|---|
| 4. | چھوٹے سے بچے نے گمشدہ سونے کا ٹکڑا اٹھالیا | فیہ تفصیل (شيخ محمد صالح المنجد) |

جب چھوٹا بچہ یا پھر کم عقل اور مجنون کوئی گمشدہ چیز اٹھالے تو اس کی جگہ اس کا ولی اس کا اعلان کرے گا اور ضروری ہے کہ وہ ان سے وہ چیز لے لے اس لیے کہ وہ دونوں امانت اور حفاظت کے اہل نہیں ہیں، اور اگر ولی وہ چیز بچے اور مجنون کے پاس ہی رہنے دے اور وہ چیز ضائع ہو جائے تو اس پر ضمان ہو گی اور اسے ادا کرنی ہو گی۔

اور اگر ولی اس کا اعلان کرتا ہے اور مدت گزرنے کے بعد بھی مالک نہیں آتا تو وہ چیز ان دونوں کی ہے۔۔۔ جیسا کہ بڑے اور عقل مند کا حق ہے اسی طرح ان دونوں کو حاصل ہو گی۔

## وقف

| | | |
|---|---|---|
| 1. | بعض بیٹوں کو چھوڑ کر دیگر بعض کے نام وقف کرنا | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | وقف کے مصارف کو تبدیل کرنا | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

وقف کرنے والے شخص کی لگائی ہوئی شرط کے مطابق چلنا واجب ہے، اور اسی طرح اس کی وقف کردہ جائیداد کو صرف اسی میں استعمال کرنا چاہیئے، جس کیلئے اس نے وقف کیا ہے، اور اس سے ہٹ کر کسی دوسری راہ میں اسکا استعمال جائز نہیں ہو گا، ہاں اگر وقف کردہ مال کا نفع ہی ختم ہو جائے، تو اس وقت شہر کا قاضی اس مسئلے میں کوئی دوسرا فیصلہ کر سکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 3. | قرآن کریم کے نسخے کو وقف کرنا | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | وقف کرنے والے شخص نے وقف میں حرام شرط لگائی کیا ہم اس شرط کو پورا کریں؟ | فیہ تفصیل (الاسلام سوال وجواب) |

جس نے بھی کوئی حرام شرط رکھی تو اس شرط کو پورا کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ رسول کریم ﷺ کا فرمان ہے: ان لوگوں کا کیا حال ہے جو ایسی شرطیں رکھتے ہیں جو کتاب اللہ میں نہیں، جو شرط بھی کتاب اللہ میں نہیں تو وہ شرط باطل ہے، اگرچہ وہ ایک سو شرطیں بھی کیوں نہ ہوں، اللہ تعالی کا فیصلہ حق ہے، اور اللہ تعالی کی شرط زیادہ پختہ ہے۔ (بخاري، مسلم)

ABM Workshops

| | | |
|---|---|---|
| 5. | مفت تقسیم کی جانے والی وہ کتابیں اور کیسٹیں جن پر "وقف للہ" نہیں لکھا ہوتا ہے، تو کیا ان کا فروخت کرنا جائز ہے؟ | جائز نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 6. | وقف کردہ کتابوں کا خریدنا اور بیچنا | جائز نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

## الهبة

| | | |
|---|---|---|
| 1. | اپنے بھائی کو کوئی چیز ہبہ کی لیکن اس نے اسے قرض کے طور پر لیا تو کیا اگر وہ واپس لوٹائے تو وہ گنہگار ہوگا | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| | اس کی واپسی میں اس پر کوئی حرج نہیں، لیکن ہبہ کرنے والے کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ ہبہ کردہ چیز کو لوٹانے کا مطالبہ کرے، اور نہ ہی از خود لوٹائے جانے پر اس کو واپس قبول کرے، سوائے اس کے کہ جس کو ہبہ کیا گیا ہے وہ اسے اپنے پاس رکھنے سے انکار کر دے، ایسے میں ہبہ کرنے والے کو چاہیے کہ اسے لے لے۔ | |
| 2. | ہبہ کرتے ہوئے دادا یا نانا اپنے کسی ایک نواسے یا پوتے کو زیادہ دے دسکتا ہے؟ | فیہ تفصیل(الشيخ ابن عثيمين) |
| | دادا یا نانا اپنے کچھ پوتا پوتیوں یا نواسہ نواسیوں کیلئے کوئی چیز مختص کرے اور کچھ کو نہ دے تو اس میں ان شاء اللہ کوئی حرج نہیں ہوگا، اگرچہ اختلاف سے بچتے ہوئے افضل یہی ہے کہ ان میں بھی عدل ہی کیا جائے۔ | |
| 3. | ایسا ہبہ جو سودی لین دین سے متعلق ہو | جائز نہیں ہے(الاسلام سوال وجواب) |
| 4. | خود تحفہ دینے والے شخص کا تحفہ لینے والے شخص سے اپنا ہی دیا ہوا تحفہ خریدنا<ہدیہ کرنے والے کا اپنا ہدیہ اس آدمی سے خریدنا جس کو ہدیہ نہیں کیا ہے | جائز ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 5. | والد کو کڈنی عطیہ کرنا | جائز ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 6. | ہدیہ کرنے والے کا اپنا ہدیہ اس آدمی سے خریدنا جس کو ہدیہ نہیں کیا ہے | جائز ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

## الشركات المعاصرة

| | | |
|---|---|---|
| 1. | سودی معاملہ نہ کرنے والی بینکوں میں حصہ داری | جائز ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | مقرر شدہ منافع پر حصص خریدنے کا حکم | حرام ہے(الاسلام سوال وجواب) |
| 3. | راس المال میں سے تیس فیصد (30٪) کے حساب سے سالانہ مقرر کرنا | جائز نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | اپنے شریک تجارت سے ماہانہ مقررہ نفع لینے پر متفق ہونا | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

ABM Workshops

شراکت کی یہ قسم علماء کے ہاں مضاربت کے نام سے پہچانی جاتی ہے اور وہ یہ ہے کہ: ایک شخص دوسرے کو تجارت کے لیے مال دے اور اس سے حاصل ہونے والا نفع حسب اتفاق تقسیم کیا جائیگا، اور تجارت کرنے والے کو مضارب کا نام دیا جاتا ہے " اور شراکت کی اس قسم کے جواز کے لیے شرط یہ ہے کہ نفع معلوم تناسب کے ساتھ تقسیم کیا جائے، اور یہ جائز نہیں کہ یہ نسبت راس المال میں سے معلوم ہو، اور اسی طرح یہ بھی جائز نہیں کہ منافع کی مقدار رقم میں معلوم ہو مثلا ہر برس یا ہر ماہ ایک ہزار، بلکہ واجب اور ضروری تو یہ ہے کہ منافع میں سے نسبت اس حساب کے مطابق دی جائے جس پر ان کا اتفاق ہوا ہو .

اور اگر وہ رقم کے مالک کے لیے معلوم مقدار میں روپے مقرر کرنے کی شرط رکھتا ہے، یا راس المال میں سے معلوم تناسب کی شرط تو شراکت کا یہ معاہدہ باطل اور حرام ہو گا .

| | | |
|---|---|---|
| .5 | انشورنس کی وہ قسم جو شرعا جائز ہے | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

تجارتی انشورنس اپنی جملہ اقسام سمیت حرام ہے؛ کیونکہ وہ متعدد ممنوعات پر مشتمل ہوتا ہے، جیسے سود، دھوکہ اور لوگوں کا مال ناجائز طریقہ سے کھانا، یہ انشورنس اس امدادی انشورنس میں داخل نہیں ہے جسے ہیئۃ کبار العلماء نے جائز ٹھہرایا ہے؛ اس لئے کہ اس جائز انشورنس میں شرکت کرنے والوں کو کوئی نفع نہیں ملتا، اور نہ ہی شرکت کرنے والا سرمایہ کاری کی غرض سے مال جمع کرتا ہے، بلکہ اس کا مقصد بس ضرورت مندوں اور پریشان حالوں کی اعانت کرنا ہوتا ہے۔

## انشورنس

| | | |
|---|---|---|
| .1 | انشورنس کی وہ کون سی قسم جائز ہے اور کونسی نہیں؟ | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

تجارتی انشورنس اپنی جملہ اقسام سمیت حرام ہے؛ کیونکہ وہ متعدد ممنوعات پر مشتمل ہوتا ہے، جیسے سود، دھوکہ اور لوگوں کا مال ناجائز طریقہ سے کھانا، یہ انشورنس اس امدادی انشورنس میں داخل نہیں ہے جسے ہیئۃ کبار العلماء نے جائز ٹھہرایا ہے؛ اس لئے کہ اس جائز انشورنس میں شرکت کرنے والوں کو کوئی نفع نہیں ملتا، اور نہ ہی شرکت کرنے والا سرمایہ کاری کی غرض سے مال جمع کرتا ہے، بلکہ اس کا مقصد بس ضرورت مندوں اور پریشان حالوں کی اعانت کرنا ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| .2 | گاڑی، سامان، ملازمین اور فیکٹریوں کے انشورنس کا حکم | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .3 | کریڈٹ کارڈ کی انشورنس | حرام ہے، جائز نہیں (الاسلام سوال وجواب) |
| .4 | انشورنس کمپنی میں ملازمت کرنا | جائز نہیں ہے (الاسلام سوال وجواب) |
| .5 | فرد کے لیے لازمی اور خاندان کے لیے اختیاری انشورنس میں شریک ہونے کا حکم | فیہ تفصیل (الشيخ عبد الله بن جبرين) |

الزامی انشورنس جس کے بغیر کوئی چارہ نہ رہے اور اس میں شریک ہونے پر مجبور کر دیا جائے تو اس میں مجبوراً شریک ہونے والا معذور ہے، لیکن جو انشورنس الزامی نہیں یعنی جسے لازمی عائد نہیں کیا گیا اس میں شرکت کرنی جائز نہیں ہے، جبکہ وہ تجارتی انشورنس کی قسم میں سے ہو تو وہ حرام اور جوا ہے۔

ABM Workshops

## عمليات المصارف(البنوك)

| | | |
|---|---|---|
| 1. | بچہ کی ماں کے دودھ کے بنک کا حکم | جائز نہیں ہے(الشيخ محمد بن صالح عثيمين) |
| 2. | کسی دوسرے بنک سے پیسے نکلوانا | جائز ہے(الشيخ عبدالله بن جبرين) |
| 3. | کیا برطانوی بنک سے گھر خریدنے کے لیے سودی قرض حاصل کرنا جائز ہے | فیہ تفصیل(شيخ محمد صالح المنجد) |

اگر تو گھر بنک کی ملکیت ہیں تو پھر یہ جائز ہے کہ وہ اسے معلوم قیمت پر ادھار یا پھر قسطوں میں آپ کو بیچ دے اگرچہ اس کی قیمت نقد سے زیادہ ہی کیوں نہ ہو اہل علم کے اقوال میں راجح قول یہی ہے۔ لیکن اگر بنک ایسا کرے کہ آپ کو گھر کی قیمت بطور قرض ادا کرے اور آپ اس کی ادائیگی زیادہ مبلغ کے ساتھ کریں تو یہ عمل واضح طور پر سودی ہے جس کے حرام ہونے میں کوئی بھی شک نہیں رہتا۔

| | | |
|---|---|---|
| 4. | انسان کو متعینہ فیصد کے عوض کسی بنک کا تعاون کرنا | حرام ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 5. | بنکی سود اور اسکے مالی انعامات | جائز نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 6. | سودی کاروبار کرنے والی بینک کی ملازمت چھوڑنے والے اکاؤنٹنٹ کو زکات دینے کا حکم | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

اگر وہ من جملہ مصارف زکاۃ میں شامل ہو تو جائز ہے،یعنی اس کی فقیری ومحتاجی کے پیشِ نظر۔

| | | |
|---|---|---|
| 7. | کریڈٹ کارڈ اور بنک سے قرض لینا | جائز نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 8. | غریبوں پر خرچ کرنے کی نیت سے بینکی سود لینا | جائز نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

## کریڈٹ کارڈ

| | | |
|---|---|---|
| 1. | شادی کے لیے کریڈٹ کارڈوں کا استعمال | جائز نہیں ہے(الاسلام سوال وجواب) |
| 2. | کریڈٹ کارڈ کے ذریعہ زکاۃ کی ادائیگی | فیہ تفصیل(الاسلام سوال وجواب) |

کریڈٹ کارڈوں کے نظام میں شراکت کرنا جائز نہیں، صرف وہ شخص کر سکتا ہے جسے اس پر مجبور کر دیا جائے، کیونکہ یہ ایک سودی معاہدہ ہے، اور کتاب وسنت اور اجماع سے سود کی حرمت ثابت ہے ۔

اس کارڈ کے ذریعہ زکاۃ ادا کرنے کے متعلق عرض ہے کہ: اگر تو آپ کے پاس اتنا بیلنس ہے جو ادائیگی کی رقم پوری کر سکے اور آپ کو کوئی فائدہ بھی نہ دینا پڑے تو اس طریقہ سے زکاۃ کی ادائیگی میں کوئی حرج نہیں ۔

لیکن اگر آپ کے پاس اتنا بیلنس نہیں جو آپ کی ادائیگی کی رقم کو پورا کر سکے تو پھر یہ بنک سے فائدے کے عوض قرض شمار ہو گا، جو کہ حرام کردہ سود ہے، اور اس طریقہ سے نہ تو زکاۃ ادا کرنی جائز ہے اور نہ ہی کوئی اور رقم، اور اللہ تعالی تو پاکیزہ ہے اور پاکیزہ چیز کے علاوہ کچھ بھی قبول نہیں فرماتا

| | | |
|---|---|---|
| 3. | ضرورت کے وقت سودی کریڈٹ کارڈوں کے ساتھ لین دین | فیہ تفصیل(الشيخ محمد بن صالح العثيمين) |

ABM Workshops

اصل تو یہی ہے کہ سودی معاملات حرام ہیں، اور ان میں پڑنا جائز نہیں، اور انہیں سودی شرائط میں سے کریڈٹ کارڈ کے معاہدہ میں بھی یہ شرائط موجود ہیں، اور بعض ممالک میں ان کارڈوں پر زیادہ اعتماد کیا جاتا ہے، حتی کہ کوئی شخص اس کے استعمال سے علیحدہ نہیں ہو سکتا .اگر حرج کا یقین ہو اور وقت مقررہ کے اندر ادائیگی سے تاخیر کا احتمال بالکل ضعیف اور کمزور اور نہ ہونے کے برابر ہو تو امید ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں.

| | | |
|---|---|---|
| 4. | کارڈوں کے ذریعہ خریداری | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

اگر خریداری کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے :جب خریداری کی قیمت محدد ہو مثلا(150)روپیہ تو فروخت کرنے والے کو کارڈ دیا جاتا ہے اور وہ اپنے پاس موجو آلہ میں یہ کارڈ ڈالتا ہے اور اسی وقت خریداری کی قیمت خریداری کے اکاونٹ سے دوکاندار کے اکاونٹ میں منتقل ہو جاتی ہے، یعنی خریدار کے سپر مارکیٹ سے نکلنے سے قبل ہی تو مذکورہ کارڈ کے استعمال میں کوئی مانع نہیں جب خریدار کے اکاونٹ میں اتنی رقم ہو جو مطلوبہ رقم کو پوری کر دے.

| | | |
|---|---|---|
| 5. | سودی کارڈوں کے ذریعہ تعلیمی فیس کی ادائیگی کرنا | جائز نہیں ہے(الاسلام سوال وجواب) |
| 6. | مالی رقم نکلوانے کے لیے کریڈٹ کارڈ کا استعمال | جائز نہیں ہے(الشيخ محمد بن صالح العثيمين) |

## حرام خرید و فروخت

| | | |
|---|---|---|
| 1. | بزنس کمپنی میں شراکت کرنے کے حکم کا اختصار | فیہ تفصیل(الاسلام سوال وجواب) |

جس کمپنی میں شراکت کرنے والوں کے ساتھ جوا و قمار بازی اور دھوکہ وفراڈ اور لوگوں کو ایسی چیز پر ابھارنا ہے جس کی انہیں ضرورت ہی نہیں، اور باطل طریقہ سے مال بٹورنا اور کھانا ہے، اور اس لیے بھی کہ جہالت اور دھوکہ وفراڈ پایا جاتا اور عدل وانصاف سے پہلو تہی برتی جاتی ہے شراکت جائز نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 2. | بنکوں کے حصص کی خریداری اور ان کی تجارت | جائز نہیں(الشيخ ابن باز) |
| 3. | حرام میں استعمال ہوسکنے والی اشیاء کی فروخت | جائز نہیں(الشيخ ابن جبرين) |
| 4. | الکحل اور عیسائی تہواروں کے لوازمات وغیرہ کی تجارت | جائز نہیں(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 5. | حرام میں استعمال ہوسکنے والی اشیاء کی فروخت | جائز نہیں(الشيخ ابن جبرين) |
| 6. | خنزیر کے مواد پر مشتمل غذائی اشیاء استعمال کرنے کا حکم | جائز نہیں(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 7. | ایسا صابن جس میں خنزیر کی چربی ڈال کر بنایا جاتا ہو | فیہ تفصیل(شيخ محمد بن صالح العثيمين) |

شیخ ابن عثیمین ؒ " : میری رائے یہ ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالی نے زمین میں جو کچھ بھی ہمارے لیے پیدا کیا ہے اس میں اصل حلت ہے، لہذا اگر کوئی شخص یہ دعوی کرے کہ یہ چیز نجس ہونے کی بنا پر حرام ہے یا کسی اور سبب کی بنا پر حرام ہے تو اسے اس کی دلیل دینا ہو گی، لیکن یہ کہ ہر وہم کی ہم تصدیق کر دیں اور ہر قول کی مان لیں تو اس کی کوئی اصل نہیں .

ABM Workshops

| | | |
|---|---|---|
| اس لیے اگر کوئی کہے: یہ صابن خنزیر کی چربی کا ہے تو ہم اسے کہینگے :اس کا ثبوت پیش کرو، اور جب ثابت ہو جائے کہ اس کا اکثر خنزیر کی چربی یا تیل سے ہے تو ہمارے لیے اس سے اجتناب کرنا ضروری ہے . | | |
| 8. | حیوانی گلیسرین پر مشتمل مواد استعمال کرنا | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| جب مسلمان کو یقین ہو جائے یا پھر اس کے ظن غالب میں ہو کہ کھانے یا کسی دوائی یا ٹوتھ پیسٹ وغیرہ میں خنزیر کا گوشت کا اس کی چربی یا اس کی ہڈی کا پاؤڈر ملایا گیا ہے نہ تو اس کا کھانا جائز نہیں ہے اور نہ ہی اسے پینا اور نہ ہی اس کو اپنے جسم پر ملنا اور کریم لگانا .<br>لیکن جس میں شک ہو تو وہ اسے بھی چھوڑ دے کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :"تم اسے چھوڑ دو جس میں شک ہو اور جس میں شک نہ ہو اسے لے لو ". | | |
| 9. | لہو ولعب کے ساز وسامان کی خرید وفروخت کا حکم | جائز نہیں(کتاب موسوعة الفقه الإسلامي) |

ABM Workshops

# Buyoo ke jadeed masael sawaal jawab ki shakal me (Haa, naa aur feehi tafseel ke andaaz me)

<table>
<tr><th colspan="3">Baee' Salam</th></tr>
<tr><td>1.</td><td>Kisi Ek mutaayyan chatte se paida hone wali shahed me baee salam [udhar sauda] karna</td><td>Durust nahi hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء)</td></tr>
<tr><td>2.</td><td>Ghalle wa anaaj par qabza karne se pehle ise bechna</td><td>Jaayez nahi hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية) (والإفتاء)</td></tr>
<tr><td>3.</td><td>Kisi shaks se kuch naqd raqam udhar le, is shart par ke wo ek muayyan muddat ke baad chand saa' joo ya makai iske badle me dega.</td><td>Feehi tafseel(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية) (والإفتاء)</td></tr>
<tr><td colspan="3">Agar wo apne zimme me mazkoorah saa' ki miqdaar me anaaj dene ka iltezam kare toh yeh mas'ala baee salam(udhar sauda) ke masaayel me se shumaar kiya jayega, aur yeh ek baee ki qism hai, jo apni shuroot se durust hogi, aur yeh saat shartein hai:<br>Pehli Sharth : Yeh sauda is cheez me hai jis ki sifaat ko bayaan kiya ja sakta ho.<br>Dosri Sharth : Iski sifaat ko bayaan kiya jaye is cheez se jis ki zaaheri taur par qeemat mukhtalif ho jati ho.<br>Teesri Sharth : Wo naap wali cheez ho toh iska naap bayaan kiya jaye, wazan wali ho toh wazan aur gaz wali ho toh gaz bayaan kya jaye.<br>Chauthi Sharth : Udhar ki huvi cheez ki hawalagi me muayyan waqt ki sharth lagayi jaye.<br>Paanchvi Sharth : Udhar ki huvi cheez umooman waqt par dastiyaab ho.<br>Chati Sharth : Aqd ki majlis me qeemat par qabza karliya jaye.<br>Saatvi Sharth : Udhar is me ki haye jo zimme me baqi rahe, toh agar ayni cheez me udhar ho toh yeh jaayez nahi hai.</td></tr>
<tr><td>4.</td><td>Kya sikko aur kaghazi currency me Riba(sood) warid hota hai.</td><td>Warid hota hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية) (والإفتاء)</td></tr>
<tr><td>5.</td><td>Currenciyo ki khareed wa farookht</td><td>Jaayez hai.((اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء))</td></tr>
<tr><td>6.</td><td>Kiya fawayed [Bank se milne wali izafi raqam] sood shumar hogi?</td><td>Ji sood shumaar hogi.(اللجنة الدائمة للبحوث) (العلمية والإفتاء)</td></tr>
<tr><td>7.</td><td>Udhar ki shakal me maujoodah qeemat se zyada par buy karna</td><td>Feehi Tafseel(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء)</td></tr>
</table>

ABM Workshops

| | | |
|---|---|---|
| Mujooda qeemat se zyada qeemat par udhar baee karne me koi harj nahi hai, jabke qeemat ki miqdaar aur udhar ka waqt aqd ke waqt mutayyan ho aur kisi ek qeemat aur muddat par qat'an aqd karna chahiye, nahi toh yeh baee majhool aur ghair wazeh hoga, kyunke iski muddat ki tayeen nahi hai aur is liye ke yeh jahilyat ke sood ke mushabe hai. | | |
| 8. | Poori qeemat ya kuch qeemat udhaar par soone ki khareed o farookht | Jayez nahi hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 9. | Sone ki qeemat aqd ke ek hafte baad ada karna | Jaayez nahi hai.اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء |

## Az-Zamaan

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Telephone ya kisi aur company ko bataur zamanat raqam ki adayegi | Jaayez hai.((اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء)) |
| 2. | Kya bank se qarz hasil karne me kisi shaks ka zaamin banna jaayez hai? | Jaayez nahi hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 3. | Wo amaanat bagahir kisi ziyadatu ke isse zaaye ho jaye. | Is par koi tawaan nahi.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | Walidah ki angothi unke Ilm ke bagair lee aur mujh se gum ho gayi. | Feehi Tafseel.(Shaik Muhammad Saleh Al Munajjid) |
| Aap par wajib hai ke aap apne walidah se maafi mange aur is angothi ke iwaz me isi tarah ki ek angothi ada kare. Aur Na baligh hone ki surath me gunah nahi hoga, lekin wo zamin hi rahega kyunke bachcha talf karda ashiaa ka zamin hoga aur isi tarah in ashiaa ko lene ke baad wapis karne me inki qeemat ki kami bhi poori karna hogi. | | |
| 5. | Rihayeshi makaan kiraya par lene ke liye bataur zamaanat rakhi huvi raqam bank me jama karna. | Feehi Tafseel(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| Banko me is tarah ki raqame rakhne ka maqsad agar sirf hifazat hai, toh zaroorat ke pesh nazar is me koi harj nahi hai, lekin agar maqsad soodi investment hai toh yeh jayez nahi hai, lekin raqam ke malik par baherhaal wajib hai ke raqam agar nisaab tak pahunchta hai aur is par saal bhar bhi guzar jata hai toh iski zakat ada kare. | | |

## Al Kafaalah

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Pension ke muawze se yateem ki kifalat ki wasiyat karna. | Jaayez hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | Apni biwi ki bahen (sali) ki kifalat se admi iske liye mahram ban sakta kya? | Mahram nahi hoga.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 3. | Yateem ki kifalat ki wasiyat karna. | Jaayez hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | Yateemo aur Miskeeno ki kifalat aur inpar kharch karne wale idaaro ko zakaat dena. | Jaayez hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

ABM Workshop

## Al Hawalah Al Wakalah

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Islami adalat ke nizam me wakeel ka kiya muqam hai? | Feehi Tafseel.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

Islami nizam e adalat me wakeel ka muqaam yeh hai ke wo fariqeen[mud'aee aur mud'aalai ] me se jis ki taraf se difaa' ke liye mutayyan kya gaya hai wo is ka zimmedar hai, aur wakeel aur iske muwakkil par yeh wajib hai ke wo haq ke mutable karne aur apne fareeq e mukhalif ke sath insaaf karne me etedaal pasandi ke bajaye nahaq tareeqe se is mas'ale me kamiyabi hasil karne ki koshish ki aur haram tareeqe se mafaad pane ka iradah karte huve dhoka dahi aur mas'ale ko uljhane par atal rahe, toh yeh dono [wakeel aur muwakkil] gunahgaar honge aur inhone goya nahaq maal khaya hai.

## Aabiyari aur Zira'at

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Zameendar aur mazdoor ke darmiyaan zira'at ka contract | Jaayez hai jabke mahzoorat se khali ho.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | Hissadaaro ke darmiyaan nafa ki ek mushtarak nisbat ka tayeen karna | Jaayez hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 3. | Tambaako kaasht karne ka hukum. | Jaayez nahi hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | Soodi qarz aur zira'at | Jaayez nahi hai.(Al Islam sawal wa jawab) |

## Al Ijarah

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Bank ko Imarat kiraye par dene ka hukm | Jaayez nahi hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | Kya khutba jumuah par ujrat lena jayez hai | Jaayez hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 3. | Mayyat ko ghusl dene par ujrath lene ka kya hukm hai. | Jaayez hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | Kya musalman ke liye kisi kafir se jayedad kiraye par hasil karna jayez hai? | Jaayez hai.(Shaykh Ibn e Baaz) |
| 5. | Sone aur Chandi ke zewarat ujrath par hasil karne ka hukm kya hai. | Jaayez hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 6. | Beemaro ko dum karne ki ujrat lena | Jaayez hai.(مجموع فتاوی ومقالات متنوعة) |

## Al Musabaqah

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Kutto ki daud aur khoobsurati ka muqabila karana. | Jaayez nahi hai(Al Islam sawal wa jawab) |

ABM Workshops

<table>
<tr><td>2.</td><td>Muqable me hissa lene walo ke ina'amat</td><td>Feehi Tafseel.(اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء)</td></tr>
<tr><td colspan="3">Musabiqe me kamiyab hone wale shaks ka inaam lena jaayez hai, agar wo inaam aala sarparast ya iske naaeb ki janib se ho, ya hissa na lene walo ki janib se razakarana taur par ho, aur musabiqe me hissa na lene wale ko inaam dene ke iwaz hasab niyyat ajr o sawab milega, aur agar inamat muqabile me hissa lene walo me se kisi ki taraf se bakhushi ho taake kamiyab afraad ko diya jaye, yoh yeh bhi jaayez hai kyunke isme juvva nahi hai, lekin agar yeh inamat muqabile ke mushahideen me se baaz ticket ke khareedaro ke liye sirf is liye ho taake inhe mushahidah ka mauqa diya jaye toh yeh jayez nahi hai.</td></tr>
<tr><td>3.</td><td>Hifz e Quraan ke liye musabiqa karane ka hukm</td><td>Jaayez hai.(اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والإفتاء)</td></tr>
<tr><td>4.</td><td>700 ka hindsa dial karke muqabila me hissa lena.</td><td>Jaayez nahi hai.(اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والإفتاء)</td></tr>
<tr><td>5.</td><td>Bull fighting muqable karane ka hukm.</td><td>Jaayez nahi hai.(Shaikh Ibn e Uthaymeen)</td></tr>
<tr><td>6.</td><td>Khareedari se mashrooth inaami muqabla.</td><td>Feehi Tafseel(Al Islam sawal wa jawab)</td></tr>
<tr><td colspan="3">Qura'andazi ke zariye muayyan inaami muqablo ke mutaliq arz yeh hai ke:<br>Agar toh in inaami muqablo me shareek hone ki rugbat rakhne wala shaks kuch raqam ada karne ke bagair muqable me shareek na ho sake, Chahe wo raqam qaleel ho ya kasees aur baaz auqaat wo inaam bhai hasil karsakta hai, toh yeh is qumar baazi aur juvve ki qism me shamil hota hai jise aaj ke daur me lottery ka naam diya jata hai, In inaami muqablo me shirkat karne wala aksar taur par toh coupon ki qeemat nuksan aur khasara kar baithta hai aur bohat nadir hi ise koi inaam milta hai, bila shak wa shuba yeh qumar baazi aur juvve aur nahaq aur baatil tareeqe se logo ka maal khane aur logo ko dhoka dene aur maal zaaye karne me shamil hota hai. Aur isi tarah TV ke in inaami muqablo ke mutaliq jin me shirkat karne ke liye inamat rakhne walo ki janib se ek muayyan card khareedna padta hai iska muamla bhi aisa hi hai, aur isi tarah tijarati market aur dukano ki janib se pesh kiye jane wale inaami muqable jin me coupn sirf inhe diya jata hai jo ek muayyan muballigh ki khareedari kare, Iska ma'na yeh hua ke is inami muqable ke card ki qeemat rakhi gayi hai jo khareedari bill ke zaman me ada ki jati hai, Toh yeh bhi lottery ki ek qism hi hai.</td></tr>
<tr><td>7.</td><td>Ikhbarat me saqafati muqable ke inamat ka hukm.</td><td>Feehi Tafseel.(Shaykh Ibn Uthaymeen)</td></tr>
<tr><td colspan="3">Shaikh Ibn Uthaymeen (Rh) ne in inaami muqablo ko do sharto ke sath jayez qarar diya hai:<br>Pehli Sharth : Muqabile me shirkath karne wala shaks saman ya ikhbar apni zaroorat ki bina par khareede.<br>Dosri Sharth : Inaami muqable ki bina par saman ya ikhbar ki qeemat me izafa na kiya gaya ho.</td></tr>
<tr><td>8.</td><td>Internet inaami muqable</td><td>Feehi Tafseel(Shaikh Rashid al alwi mimbar tadreesi committee Imam university Al Khaseem)</td></tr>
</table>

ABM Workshops

Internet wagaira ke zariye pesh karda inami muqable me shirkat karne me koi harj nahi, lekin sharth yeh hai ke isme shareek hone wale ko koi nuqsaan na ho, wo is tarah ke ya toh ise kuch mile, ya phir wo nuqsaan se saleem rahe; kyunke is me na toh qumaar baazi aur na hi juvva paya jata hai, kyunke juvva aur qumaarbaazi me shaks mutaraddid rehta hai ke ise ya toh nuqsaan hoga ya phir wo kuch hasil karlega. Lekin sharth yeh hai key eh muqable haraam ashiaa se khali ho yani inke sawalat me koi fahash ya phir gaane bajane wagaira dosri haraam ashiaa ke sawalat na ho, agar ho toh is wajah se yeh haram honge na ke qumaar aur juvve ki bina par.

## Al Aariya

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Aariyat me li huvi cheez lautane ka hukm | Wajib hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | Kya nangi aur fahash tasaveer wale computer ki marammat karna kaisa hai? | Jaayez nahi hai.(Shaikh Muhammad Saleh al Munajjid) |
| 3. | Biwi ko sona diya toh ikhtilafat hone ki surath me wapas dene ka mutalba kar sakta hai? | Feehi Tafseel(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

Jis shaks ne biwi ko maher ke ilawah aur sona diya agar toh yeh bataur hadiya tha toh yeh sona biwi ki milkiyat ban jayega aur iske liye wo hadiya wapas lena jayez nahi. Aisa karna makarim akhlaq ke khilaf hai. Lekin agar khawind ne ise sona aarita diya hai ke biwi ise pahen kar zaib o zeenat ikhtiyar kare aur fayedah hasil kare, toh yeh sona abhi tak khawind ki milkiyat hai, Biwi ki milkiyat nahi aur khawind ko wapis karne ka mutalba karne ka haq hai.

| | | |
|---|---|---|
| 4. | Masjid se aarita kitabein lena | Jaayez hai.(Al Islam sawal o jawab) |
| 5. | Baghair kisi ziyadati ke amanat zaaye hone ki surath me kya tawan ada kya jayega | Feehi Tafseel.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

Jis shaks ke pas amanat rakhi gayi ho wo iska amen hai aur agar wo amanat bagair kisi zyadati ke is se zaaye hojaye toh ispar koi taawan nahi, lihaza agar muamle aisa hi hai toh aap ke zimma is raqam ke iwaz mme adayegi karna wajib nahi.

| | | |
|---|---|---|
| 6. | Wadiyat me rakhi huvi cheez malik ki ijazat ke bagair tasarruf karna | Jaayez nahi hai.(Al Islam sawal o Jawab ) |
| 7. | Mai ne chand islami cassetes kisi se aarita liya ab is se raabta naho saka. | Feehi Tafseel.(Al Islam sawal o jawab) |

Aarita ki gayi ashiaa ka lautana iske malik tak wajib hai, aur agar kisi surath me aisa na ho saka toh ise yeh iske masal raqam ko sadqa kar dena shahiye is niyyat se ke Allah ta'ala sahib e Mulk ko is ka sawab dede, aur jab wo sahib e mulk wapas laut aaye toh iske liye do khiyar hai ya toh wo is sadqa se raazi ho jaye nahi toh ise iski aaritaali huvi cheez lautani hogi.

| | | |
|---|---|---|
| 8. | Flat ke bartan istemal karke wapas na karna. | Feehi Tafseel |

Kiraya par liya gaya flat ya wo ashiaa jo kiraya par li jati hai kirayedaar ke pas amanat hai, iska mani yeh hua ke : Agar iski bagair kisi kotahi aur ziyadati ke wo cheez zaaye aur talf hojaye toh wo iska zamin nahi hoga, aur agar kiraya par li

ABM Workshops

gayi cheez kiraya daar ki kotahi ya ziyadati ki bina par zaaye ho jaye toh phir kiraye daar zaamin hai, aur ise is ki masal cheez dena hogi, agar iski masal na mile toh wo iski qeemat ada karega.

## Al Luqta

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Jab kisi aadmi ki koi cheez gum hojaye toh koi dua | Saabit nahi hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | Gumshudah cheez ka elan mukammal ek saal | Feehi Tafseel(Shaykh Ibn Baaz) |

Agar gumshudah cheez haqeer ho aur malik iska ihtemam na kare maslan rassi aur joote ka tasma, aur thodi se raqam, toh iski tareef aur elaan wajib nahi, ise uthane wale ke liye jaayez hai ke wo isse nafa hasil kare ya phir malik ki janib se sadqa karde. Gumshudah oont aur is tarah ke dosre janwar jo jhoote darindo maslan bhediye wagaira se mahfooz rah sakte ho isse mustasnaa hai, Inhe pakadna jaayez nahi, jab bhi koi gumshudah ahem sheez mile is ka ek baras tak logo ke jama hone wali jagaho par mahine me do ya teen baar elaan kare, agar iska malik aajaye toh ise wapas kardiya jaye, aur agar na aaye toh ek baras guzarne ke baad wo iski milkiyat hoga, isliye ke nabi (saws) ne isi ka hukm diya hai.
Lekin agar wo haramain yani makkah aur madinah me haram ke hudood me se mile toh wo iski milkiyat nahi ban sakta balke ise har waqt iska elan karna chahiye taake iska malik isse hasil karle ya phir wo haramain ke gumshadah ashiaa ke adaarah ke sapurd karde taake wo iske maalik ke liye ise mahfooz karle.

| | | |
|---|---|---|
| 3. | Makkah me giri huvi ghadi uthayi aur waha safar kar gaya. | Feehi Tafseel.(Shaikh Muhammad bin Saleh Uthaymeen) |

Ise Makkah ke idaarah me jakar pahuncha dein aur inhe kahi ke mujhe yeh ghadi falaan jagah par fala din mili thi.

| | | |
|---|---|---|
| 4. | Chote se bachche ne gumshudah sone ka tukda uthaliya | Feehi Tafseel(Shaik Muhammad Saleh al Munajjid) |

Jab chota bachcha ya phir kam aqar aur majnoon koi gumshudah cheez uthale toh iski jagah iska wali iska elaan karega aur zaroori hai ke wo inse wo cheez lele isliye ke wo dono amanat aur hifazt ke ahal nahi hai, aur agar wali wo cheez bache aur majnoon ke pad hi rahne de aur wo cheez zaaye hojaye toh ispar zimaan hogi au rise ada karni hogi.
Aur agar wali iska elaan karta hai aur muddat guzarne ke baad bhi malik nahi aata toh wo cheez in dono ki hai. Jaisa ke bade aur aqalmand ka haqq hai isi tarah in dono ko hasil hogi.

| | | |
|---|---|---|
| 6. | Gaaye farookht karne ke baad khud is ke pas wapas aagayi | Ek saal tak elaan kare.(فتاوى اللجنة الدائمة) |

## Waqf

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Baaz beto ko chod kar digar baaz ke naam waqf karna | Jaayez nahi hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

ABM Workshops

<table>
<tr><td>2.</td><td>Waqf ke musarif ko tabdeel karna</td><td>Feehi Tafseel(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء)</td></tr>
<tr><td colspan="3">Waqf karne wale shaks ki lagayi hui sharth ke mutabiq chalna wajib hai, aur isi tarah iski waqf kardah jayedad ko sirf isi me istemal karna chahiye, Jis keliye isne waqf kya hai, aur is se hat kar kisi dosri raah me iska istemaal jaayez nahi hoga, haa agar waqf kardah maal nafa hi khatam ho jaye, TOh is waqt shaher ka qazi is mas'ale me koi dosra faisla kar sakta hai.</td></tr>
<tr><td>3.</td><td>Quraan Kareem ke nuskhe ko waqf karna</td><td>Jaayez hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء)</td></tr>
<tr><td>4.</td><td>Waqf karne wake shaks ne waqf e haraam sharth lagayi kya hum is sharth ko poora kare?</td><td>Feehi Tafseel.(Al Islam sawal o Jawab)</td></tr>
<tr><td colspan="3">Jis me bhi koi haram sharth rakhi toh is sharth ko poora karna jaayez nahi hai, kyunke Rasool kareem(saws) ka farman hai : In logo ka kya haal hai jo aisi shartein rakhte hai jo kitaabullah me nahi, jo sharth bhi kitaabullah me nahi toh wo sharth baatil hai, agar che wo ek sau shartein bhi kyun na ho, Allah ta'ala ki sharth zyada pukhta hai.(Bukhari wa Muslim)</td></tr>
<tr><td>5.</td><td>Muft taqseem ki jane wali wo kitabein aur cassetes jin par "Waqf Lillah" nahi likha hota hai, Toh kya inka farookht karna jaayez hai?</td><td>Jaayez nahi hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء)</td></tr>
<tr><td>6.</td><td>Waqf kardah kitaabo ka khareedna aur bechna</td><td>Jaayez nahi hai.(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء)</td></tr>
</table>

## AL HIBA

<table>
<tr><td>.1</td><td>apne bhai ko koi cheez hiba ki lekin usne use qarz ke tour par liya to kiya agar wo wapas lotaye to wo gunehgaar hoga</td><td>fee hit tafseel (al jannatud daaimiyatu lilbuhusul alamiyatu wal iftaai)</td></tr>
